| نمبر شمار | فہرست مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 3.3 | دشمن کے اہداف کیا ہو سکتے ہیں؟ | 40 |
| 3.4 | حفاظتی زون کا نظریہ کیا ہے؟ | 41 |
| 3.5 | تابکاری کیسے پھیلتی ہے؟ | 43 |
| باب نمبر 4 | ایٹم بم چلنے کے فوری بعد کیا ہوتا ہے؟ | 45 |
| 4.1 | توانائی کا اخراج | 45 |
| 4.2 | ایکس ریز اور ریڈیائی شعاعیں | 46 |
| 4.3 | دباؤ کی لہر | 47 |
| 4.4 | روشنی کی لہر | 47 |
| 4.5 | آگ کا گولہ | 48 |
| 4.6 | ایٹمی چھتری | 48 |
| 4.7 | ایٹمی بادل | 48 |
| 4.8 | طوفانی ہوائیں | 49 |
| 4.9 | تابکار بادلوں کا پھیلاؤ | 49 |
| 4.10 | تابکاری کا گرنا | 49 |
| 4.11 | تابکاری کا دور دور پھیلاؤ | 50 |
| 4.12 | تابکاری کے اثرات میں کمی | 50 |
| 4.13 | برقی لہر | 52 |
| 4.14 | ایٹمی حملے کے فوراً بعد ختم ہو جانے والی سہولیات | 52 |
| 4.15 | حفاظتی تدابیر اور اقدامات کی بنیاد | 53 |

ہے کہ کرہ ارض پر بسنے والے ہر آدمی کے حصہ میں تقریباً پانچ ٹن بارودی طاقت آتی ہے۔جہاں تک یہ تقابلی جائزہ کہ کس کے پاس زیادہ ہتھیار ہیں یہ بات ہوائی جہازوں ،ٹینکوں اور کیمیکل بموں وغیرہ کی صورت میں اہم ہوسکتی ہے لیکن ایٹم بم اگر چلا دیا تو اس قدر تباہ کن ہے کہ دس ہوں یا سو دونوں برابر ہیں۔

اپنی طاقت اور تباہی کے لحاظ سے سب ایٹم بم برابر نہیں، مثلاً ناگاساکی میں گرائے جانے والے بم کی طاقت 12000 ٹن TNT بارود کے برابر تھی اور ہیروشیما میں گرائے جانے والا بم 22000 ہزار ٹن کے برابر تھا۔مطلب یہ کہ اتنے ٹن بارود کا یک دم دھماکہ ایک ایٹم بم کے دھماکہ کے برابر ہوگا۔ہندوستان نے مئی 1998ء کو جن بموں کے دھماکے کئے تھے ان کی طاقت بھی 10 کلوٹن سے 30 کلوٹن کے برابر سمجھی جاتی ہے لیکن ایٹم بموں کی طاقت بڑھانا کوئی بہت مشکل کام نہیں۔

وہ بم جن میں دھماکہ کا مواد یورینیم 235 یا پلوٹونیم ہے انہیں فشن بم (Fission Bumb) کہا جاتا ہے عام طور پر ان کی طاقت 100000 ٹن TNT سے کم ہی ہوتی ہے۔سب سے زیادہ طاقت کے تھرمونیوکلیئر فیوژن بم ہوتے ہیں جنہیں عرف عام میں ہائیڈروجن بم کہا جاتا ہے ان میں ایسے بھی ہیں جن کی دھماکہ خیز طاقت دس کروڑ ٹن ٹی این ٹی (TNT) کے دھماکہ سے بھی زیادہ ہو سکتی ہے اور سینکڑوں مربع کلومیٹر علاقہ میں تباہی پھیلانے کے لئے کافی ہیں۔ان کے برعکس بہت کم طاقت کے بم جن کو ٹیکٹیکل (Tactical) ہتھیار کہا جاتا ہے بھی بننے لگے ہیں جن کا مقصد صرف خاص خاص ہدف کو تباہ کرنا ہوتا ہے۔یہ عموماً پلوٹینیم کے مواد سے بنائے گئے چھوٹے فشن بم ہوتے ہیں بموں کی دھماکہ خیز طاقت چند سو ٹن ٹی این ٹی (TNT) کی برابر یا اس سے کم بھی ہوسکتی ہے لیکن سو ٹن ٹی این ٹی (TNT) کی طاقت کا چھوٹا ایٹم بم بھی اپنی تباہ کن طاقت کے لحاظ سے کم نہیں۔اس کا اندازہ آپ ایک کلوگرام ٹی این ٹی (TNT) والے بموں سے مچائی جانے والی تباہی کے تصور سے لگا سکتے ہیں۔سو ٹن ٹی این ٹی (TNT) کی طاقت کے برابر ایٹم بم کا یہ بھی مطلب ہے کہ اس سے ہونے والی تباہی ایک کلوگرام والے عام بموں کی ایک لاکھ کی تعداد کے یک دم پھٹنے کے برابر ہوسکتی ہے۔

لاکھواں حصہ) مقدار سے بھی کم جلد پر تکلیف دہ پھپھولے ڈالنے کے لئے کافی ہیں اس کے علاوہ یہ زہر پانی اور خوراک کے ذخائر کو بھی زہریلا کر دیتے ہیں اور اس کے ذریعہ انسانوں اور دیگر جانداروں کو اپاہج بنا دیتے ہیں یا ہلاک کر دیتے ہیں۔

یہ سوال کہ کیمیائی ہتھیار کے حملہ کا کیسے علم ہوگا؟ اس کے لئے شہروں اور مختلف علاقوں میں کیمیائی حساس آلات لگائے جاتے ہیں جن کی مدد سے حکومت کے سول ڈیفنس کے محکمہ جات فوری وارننگ دیں گے لیکن وارننگ نہ بھی ہونے کی صورت میں اگر ہوائی حملہ کے بعد آنکھوں میں جلن کا احساس ہو، کوئی خاص قسم کی بو محسوس ہو، جی متلائے یا جلد پر غیر معمولی خارش ہونے لگے تو فوراً احتیاطی تدابیر شروع کر دیں۔ جس کی تفصیلات آئندہ صفحات میں دی گئی ہیں۔

## 2.3 جراثیمی ہتھیار کیا ہیں اور کیسے اثر پذیر ہوتے ہیں؟

کیمیائی ہتھیار فوراً اثر انداز ہوتے ہیں لیکن دیرپا اثرات کے لحاظ سے جراثیمی ہتھیار ان سے بھی زیادہ مہلک ہیں اور پوری کی پوری آبادی کو بیمار کر دیتے ہیں۔ ان کا استعمال بھی تاریخ میں بہت پرانا ہے۔ قدیم زمانہ میں دشمن کے علاقوں میں بیماری پھیلانے کے لئے بعض انسان دشمن حکومتیں ہیضہ اور طاعون سے مرنے والوں کے اجسام کو محفوظ کر لیتے اور دشمن کے کنوؤں میں پھینک دیتے۔

دوسری جنگ عظیم کے بعد خصوصی طور پر جب سے بائیو انجینئرنگ پر ریسرچ عام ہوئی ہے، نہایت ہی خوفناک جراثیمی ہتھیار ایجاد ہو چکے ہیں۔ انہی میں ایک انتھراکس (Anthrox) ہے جو دراصل مویشیوں کی بیماری تھی لیکن اب اس سے ایسے جراثیم بنائے گئے ہیں جن سے چند ہفتوں میں پوری کی پوری آبادی اس موذی مرض کا شکار ہو کر مر سکتی ہے۔ اس طرح طاعون پھیلانے کے جراثیم ہیں جس کی ایک چھوٹی سی شیشی سے پورے کا پورا شہر اس موذی مرض کا شکار ہو جائے گا۔

3۔ وہ ہنگامی، غیر ہنگامی باتیں جنہیں آپ نے خود کرنا ہے۔

جس طرح ہم پہلے بھی کئی بار کہہ چکے ہیں کہ ایسے ہی حفاظتی اقدامات ایٹمی دھاکوں سے بچاؤ کے علاوہ کیمیائی حیاتیاتی، جراثیمی اور دیگر مہلک ہتھیاروں کے نقصان سے بچاؤ کے لئے بھی ضروری ہیں۔لیکن پیشتر اس کے کہ ہم حفاظتی تدابیر کی تفصیل میں جائیں،ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ہیروشیما اور ناگاساکی میں ہونے والی ایٹمی تباہی کا مختصر سا جائزہ لے لیا جائے تاکہ آئندہ بتائی جانے والی حفاظتی تدابیر کی اہمیت کو ہم اچھے طور پر بھی سمجھ سکیں۔

☆

---

## (25) ذکر الاعداد فی القرآنِ الحکیم

قرآن حکیم کی آیات کریمہ کے حیرت انگیز حسابی اعداد وشمار پر تحقیقی کتاب

## (26) انسان اور خلائی مخلوقات

قرآن حکیم اور جدید سائنس کے حوالے سے ایک بے مثال تحقیقاتی ومعلوماتی کتاب، خلائی مخلوقات کو اہلِ زمین کی آڈیو، ویڈیو کیسٹ کیسے بھیجی گئی، خلائی سیاروں پر مستقبل میں کان کنی کے منصوبے حیرت انگیز معلومات سے بھرپور کتاب۔

## (27) ابدیت کائنات اور انسان

عقل کیلئے مغرب کی سائنس اور روح کیلئے مشرق کا وجدان۔ قرآنی حوالہ جات سے آراستہ ،جدید سائنسی انکشافات، کائنات کا سارا ابتدائی مادہ صرف تین منٹ میں تیار ہوا فرشتہ نما انسان کا وجود، کوانٹم فزکس اور احوال قیامت، محیر العقول معلومات کتاب

## (28) انگریز راج کا پالتو جاگیردار طبقہ

ایک مربع زمین یا 20 روپے فی مجاہد کی لاش کا انگریزی بھاؤ۔ مسلم دنیا میں وطن فروشی کے چونکا دینے والے دل فگار قصے۔ جھجکتی تحریر تیکھا انداز بیان، سبق آموز واقعات۔

## (29) قبل از انسان جنات و عفریت کی زمین اور انسان کا ظہور

انسان سے پہلے زمین پر کون سی ذی شعور مخلوق آباد تھی؟ سجدۂ آدم کی تفصیل کیا ہے؟ کیا انسان اس لامحدود کائنات میں اکیلا ہے؟ حیرت انگیز سائنسی انکشافات اور تصاویر سے مزین ایک لا جواب و محیرالعقول سائنسی، تحقیقاتی کتاب

## (30) زمان و مکاں میں ہمارا سفر

بنی نوع انسان اللہ تعالیٰ کا کنبہ ہیں (حدیث نبویؐ)۔زمان و مکاں میں ہمارا سفر کے مخاطب اللہ تعالیٰ کے کنبہ کے وہ افراد ہیں جو اپنی ذات اور اپنے خالق کے متعلق جاننے کے خواہاں ہیں

پبلیشر: دارالحکمت انٹرنیشنل

60-A ، ناظم الدین روڈ، F-8/4، اسلام آباد Tel: 051-2282058

E-mail:-sbmahmood1213@yahoo.com ,

Facebook:- www.facebook.com/Darulhikmat.Tehreekenoor

Web:- www.darulhikmat.com

(بقیہ صفحہ 2 سے) علمی ذرائع سے اسلام کی تبلیغ کے لئے اگر آپ مالی استطاعت رکھتے ہیں تو تحقیق کی سرپرستی فرمائیں محققین کی حوصلہ افزائی کریں، تبلیغ اسلام اور علم کی خدمت کرنے والوں کی خدمت کریں، بین الاقوامی طور پر مسلم علماء کو اسلام کے پلیٹ فارم پر جمع کرنے کے لئے رابطہ بنیں، بہترین کتب کی اشاعت کو سپانسر کریں۔ اگر آپ نے کسی کو گفٹ کرنا ہے تو اسلامی کتابوں کا کریں۔ اگر آپ کو اللہ تعالیٰ نے انتظامی صلاحیتوں سے نوازا ہے تو تحریک نور کے مقاصد کو آگے بڑھانے کے لئے تعاون کریں۔

تحریک نور کے رفقاء سیاست سے نہیں، قلوب کے بدلنے سے اُمت کی بیماریوں کے علاج پر یقین رکھتے ہیں۔ آیئے دلوں کو بدلنے کے لئے اکٹھے مل کر کام کریں۔ جب دل بدلیں گے تو حالات خود بخود بدل جائیں گے۔ قطعاً ہر وہ شخص جو کلمہ طیبہ کا اقرار کرتا ہے وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مشن وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ O "اور اپنے رب کا نام بلند کرتے جاؤ" (سورۃ المدثر، آیت 3) کا وارث ہے تحریک نور اس فرض کی تکمیل کی خاطر آپ کو شمولیت کی دعوت دیتی ہے اپنے کوائف کے ساتھ ارادہ کا اظہار فرمایئے۔

**محترم بھائیو اور بہنو:۔**

**يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِئُوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ ۗ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ O هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ O**

"وہ (اسلام کے مخالفین) چاہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے نور کو اپنی پھونکوں سے بجھا دیں۔ اللہ تعالیٰ کی قسم، وہ اپنے نور کو پورا کرکے رہے گا اگرچہ یہ کافروں کو کتنا ہی ناگوار کیوں نہ ہو O وہی ہے جس نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا تاکہ اسے تمام ادیان پر غالب کردے اگرچہ یہ مشرکوں کو کتنا ہی ناگوار کیوں نہ ہو"۔ (سورۃ الصف، آیت 9 - 8)

---

# تحریک نور

دارالحکمت انٹرنیشنل، A-60 نعیم الدین روڈ F-8/4 اسلام آباد، ای میل sbmahmood1213@yahoo.com

ویب سائیٹ www.darulhikmat.com فون نمبر 2282058

فیس بک: www.facebook.com/Darulhikmat.Tehreekenoor